54cm x 4col

Allied Bank www.abl.com

# 71 ویں سالانہ اجلاس عام کے سلسلے میں ممبران کو نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے ممبران کا 71واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ 28 مارچ 2017 بروز منگل بوقت 11:00 بجے صبح پیلس ہال، پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

**عمومی اُمور**

1- الائیڈ بینک لمیٹڈ کے 70ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 مارچ 2016 کی کاروائی کی توثیق۔

2- مورخہ 31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات (مجموعی وانفرادی) مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پہ غور وخوض اور منظوری۔
SECP SRO 634 (I)/2014 کے تحت بینک کی سالانہ رپورٹ 2016، بینک کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی گئی ہے جسے مندرجہ ذیل لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:
https://www.abl.com/services/downloads/financial-reports/

3- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے 17.5% (یعنی 1.75 روپے فی حصص) کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری، یہ منافع 55% عبوری نقد منافع منقسمہ یعنی 5.50 روپے فی حصص کے علاوہ ہوگا جو پہلے ہی سال 2016 کے لئے ادا کیا جاچکا ہے۔

4- مالی سال 2017 کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کیلئے مشاہرہ طے کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی 31 دسمبر 2017 کے اختتام تک کے لئے بینک کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری۔ مقرر کردہ آڈٹ فرم اگلے سالانہ اجلاس عام، جو کہ 2018 میں منعقد ہوگا تک اپنا کام انجام دے گی۔

**خصوصی امور:**

5- SECP SRO 470 مورخہ 31 مئی 2016 کے تحت حصہ داروں کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی مطبوعہ کاپی کی بجائے USB/DVD/CD کے ذریعے ترسیل پر غور اور منظوری

**نوٹ:**

خصوصی امور جس پر سالانہ اجلاس عام میں غور کیا جائے گا، کے حوالے سے کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 160(1)b کے تحت درکار اسٹیٹمنٹ ممبران کو نوٹس کی کاپی کے ساتھ علیحدہ بھیجا جارہا ہے۔

**دیگر اُمور:**

6- صدر اجلاس کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
محمد رفعت
کمپنی سیکرٹری

تاریخ: 6 مارچ 2017

**نوٹس:**

(i) تمام ممبران اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔

(ii) اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر بذات خود یا باقاعدہ طور پر دیئے گئے اختیار کے ساتھ کسی بھی شخص کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی (Proxy) مقرر کرسکتا ہے۔
پراکسی مقرر کیے جانے والے شخص کے لئے لازم ہے کہ وہ بھی الائیڈ بینک لمیٹڈ کا ممبر ہو۔

(iii) پراکسی مقرر کئے جانے سے متعلق دستاویز (instrument) اور پاور آف اٹارنی (power of attorney) یا دیگر کوئی اوراتھارٹی جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہیں یا اس پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کو موثر ہونے کے لئے الائیڈ بینک لمیٹڈ کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل لازماً جمع کرادیں۔

(iv) الائیڈ بینک لمیٹڈ کے حصص کی منتقلی کی کتب 22 مارچ 2017 سے 28 مارچ 2017 تک (دونوں دن شامل ہونگے) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کے لئے جو درخواستیں بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیاہاؤس، C-241، بلاک 2، پی ای سی ایچ ایس، کراچی، کو 21 مارچ 2017 کے دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی، نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے تعین کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

(v) ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں تبدیلی سے، اگر کوئی ہو، بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فوری طور پر مطلع کریں۔ ایسی درخواستیں کتب کی بندش سے قبل پہنچ جانا چاہئیں تاکہ استحقاق، اگر کوئی ہو تو، درست پتہ پر روانہ کیا جاسکے۔

(vi) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا جو درج ذیل ہیں۔

**A) اجلاس میں شرکت کیلئے:**

(i) ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسے شخص کو، جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اصل موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں تو) جس کے ساتھ نامزد کردہ کے دستخط کے نمونے (specimen) بھی منسلک ہوں، فراہم کرنا ہوں گے۔

**B) پراکسی کے تقرر کیلئے:**

(i) ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسے شخص کو، جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے لئے درج بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر کم ازکم دو گواہوں کے دستخط مع نام، پتہ اور موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، ثبت ہونا چاہیے۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ اصل حقدار اور پراکسی کے موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں تو) جس کے ساتھ دستخط کے نمونے (specimen) بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

**تمام شیئر ہولڈرز متوجہ ہوں:**

**ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

حکومت پاکستان انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 150 میں تبدیلیاں لائی ہے لہذا بینک کے ادا کئے گئے ڈیویڈنڈ کی مالیت پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی مختلف شرح بیان کی گئی ہیں۔ یہ شرح مندرجہ ذیل ہیں:

- انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کے لئے = 12.5%
- انکم ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے لئے = 20%

برائے مہربانی مطلع ہوں کہ شیئرز رجسٹرار استحقاق کے تعین کے وقت تازہ ترین دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) سے موثر قومی شناختی کارڈ/این ٹی این نمبرز کی بنیاد پر ممبران کا سٹیٹس (فائلر یا نون فائلر) چیک کرے گا۔
اس لئے تمام ممبران نیچے دیے گئے لنک کے ذریعے FBR کی ویب سائیٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس فائلرز کی لسٹ سے اپنا سٹیٹس چیک کریں۔

http://www.fbr.gov.pk/ActiveTaxpayersList.aspx

**انکم ٹیکس کی کٹوتی برائے جوائنٹ حصہ داران:**

ان شیئر ہولڈرز کے لئے جن کے شیئرز مشترکہ ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی وضاحت کے مطابق، ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین "فائلر/نون فائلر" پرنسپل اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے سٹیٹس پر علیحدہ علیحدہ ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ہوگا۔ لہذا، وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز مشترکہ ہیں سے درخواست ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کا بحوالہ شیئرز جو کہ ان کے پاس موجود ہیں ہمارے شیئرز رجسٹرار کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل طریقے سے شیئر ہولڈنگ کا تناسب فراہم کریں۔

| فولیو/ سی ڈی سی انویسٹر/ حصہ دار کا اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور قومی شناختی کارڈ* | شیئر ہولڈنگ کا تناسب | نام اور قومی شناختی کارڈ* | شیئر ہولڈنگ کا تناسب |
| | | | | | |

*مستند قومی شناختی کارڈ کی نقول ساتھ منسلک کریں۔

مذکورہ بالا درکار معلومات بینک کے شیئر رجسٹرار کو ضرور فراہم کریں ورنہ یہ سمجھا جائے گا کہ شیئرز مساوی طور پر پرنسپل اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کی ملکیت ہیں اور ودہولڈنگ ٹیکس اسی تناسب سے کاٹا جائے گا۔
کسی بھی قسم کے سوال/ مسئلے/ معلومات کے لئے، شیئر ہولڈرز بینک کے شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل ایڈریس/فون نمبرز پر رابطہ کرسکتے ہیں:

**میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیوٹ) لمیٹڈ**
**شیئرز رجسٹرار، الائیڈ بینک لمیٹڈ**
**ڈاگیاہاؤس، 241 سی، بلاک 2، پی ای سی ایچ ایس، کراچی، ٹیلی فون: 61-021-34387960, 19&17-021-34391316، فیکس: 021-34391318**

**استثنیٰ کے دعوے کے لئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت قانونی ٹیکس استثنا سرٹیفکیٹ کی ضرورت**

برائے مہربانی یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ قانون کی متعلقہ عدالتوں کے حالیہ فیصلوں کے بعد سیکشن 150 کے تحت ٹیکس استثنا کا دعویٰ کرنے کیلئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 159 کے تحت استثنا کا سرٹیفکیٹ لازمی ہے۔ اس کے مطابق بینک انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے دوسرے شیڈول کے پارٹ IV کی شق 47 بی کی بنیاد پر استثنا نہیں دے رہا ہے۔ تاہم اگر ایک ادارے نے کسی متعلقہ عدالت میں ایف بی آر کے خلاف درخواست دائر کی ہے تو ودہولڈنگ ٹیکس کی عدم کٹوتی کے لئے موثر قانونی ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ/ تمام حالیہ عدالتی کاروائیوں (اگر کوئی ہو) سمیت معزز عدالت کے التواء کے حکم نامہ کی ایک مصدقہ کاپی کی ضرورت ہوگی۔
قانونی ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ/ معزز عدالت کے التواء کے حکم نامہ کی عدم دستیابی کی صورت میں متعلقہ سیکشنز کے تحت ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

**قومی شناختی کارڈ جمع کروانا (لازمی) نقد منافع منقسمہ کی ترسیل منقطع**

برائے مہربانی نوٹ فرمالیں کہ ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق ایسے شیئر ہولڈرز جن کے موثر قومی شناختی کارڈ شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں اُن کے ڈیویڈنڈ وارنٹس روک لئے جائیں گے۔ ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو طبعی (Physical) شیئر کے حامل ہیں ان سے التماس ہے کہ وہ اپنے موثر قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی (اگر پہلے سے جمع نہ کرادی گئی ہو تو) بینک شیئر رجسٹرار کے متذکرہ بالا پتہ پر جلد از جلد جمع کرادیں۔
اگر آپ کے پہلے جاری کردہ ڈیویڈنڈ پر آپ کے شناختی کارڈ کا نمبر درج نہیں ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا شناختی کارڈ بینک کے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہے۔

**بینک مینڈیٹ E-Dividend (اختیاری) نقد منافع منقسمہ کی بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منتقلی**

قواعد کے مطابق شیئر ہولڈرز نقد منافع منقسمہ اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست جمع کروانے کا طریقہ اختیار کرسکتے ہیں۔ اس طریقہ سے فائدہ حاصل کرنے کے لئے طبعی شیئر ہولڈرز بینک شیئر رجسٹرار کو درخواست لکھ سکتے ہیں اور CDC شیئر ہولڈرز CDC کو ہدایت کرسکتے ہیں۔ بینک ڈیویڈنڈ اماؤنٹ کا شیئر ہولڈرز کے متعلقہ اکاؤنٹس میں آن لائن کریڈٹ (e-dividend) کا بھی انتظام کررہا ہے۔

**فنانشل سٹیٹمنٹس اور نوٹسز کی الیکٹرونک ٹرانسمیشن:**

سیکورٹیز اور ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے 2014 (I) SRO 787 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے تحت کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ ای میل کے ذریعے اپنی سالانہ آڈیٹڈ فنانشل سٹیٹمنٹس سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ہمراہ اپنے ممبرز کو ای میل کرسکتے ہیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جو کمپنی کی سالانہ رپورٹ بذریعہ ای میل وصول کرنا چاہتے ہیں سے درخواست ہے کہ وہ ABL کی ویب سائیٹ پہ موجود درخواست فارم پُر کریں، ڈاؤن لوڈنگ کیلئے ڈائریکٹ لنک https://www.abl.com/src/uploads/2016/06/ABL-Request-Letter.pdf ہے۔ اگر کوئی ممبر اینویل آڈیٹڈ فنانشل سٹیٹمنٹس اور نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنے پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے اور اس کے باوجود آڈیٹڈ فنانشل سٹیٹمنٹس کی ہارڈ کاپی کی درخواست دیتا ہے تو اسے اس کی درخواست کے ملنے کے بعد 7 دن کے اندر بغیر کسی قیمت کے فراہم کردی جائے گی۔

**طبعی (Physical) شیئرز کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقلی (تجویز)**

جو شیئر ہولڈرز اپنے طبعی (Physical) شیئرز کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقل کروانا چاہتے ہیں وہ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ کھلوا سکتے ہیں۔ یہ سہولت مختلف طریقوں سے شیئر ہولڈرز کو فائدہ دے گی جیسے کہ شیئرز کا تحفظ اور اُن کی فروخت وغیرہ کی آسانی (جس وقت وہ چاہیں)، لاگو قوائد وضوابط کے مطابق طبعی (Physical) شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

**مختلف کھاتوں کی ایک کھاتہ میں منتقلی (تجویز)**

ریکارڈ کے مطابق کچھ شیئر ہولڈرز ایک ہی کوائف کے ساتھ ایک سے زائد شیئرز کھاتوں کے حامل ہیں۔ ایک سے زائد کھاتے رکھنا شیئر ہولڈرز کیلئے ڈیویڈنڈز/بونس کی وصولی میں پریشانی کا باعث ہوسکتا ہے۔ بہتر خدمات کی فراہمی کیلئے ایسے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مختلف کھاتوں کو ایک کھاتہ میں ڈالنے کیلئے بینک کے رجسٹرار کو درخواست جمع کروائیں۔

**وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی:**

SECP کے 2014 کے سرکولر نمبر 10 بتاریخ 21 مئی 2014 کے تحت، اگر کمپنی کو اجلاس عام کی تاریخ سے کم ازکم 10 دن پیشتر 10% ممبران یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ جو مختلف جغرافیائی محل وقوع کے مقیم ہیں اور میٹنگ میں وڈیو کانفرنس کے ذریعے حصہ لینا چاہتے ہیں کی رضامندی کی درخواست حاصل ہوتی ہے۔ تو بینک اس شہر میں (اگر اس شہر میں یہ سہولت موجود ہے تو) وڈیو کانفرنس کی سہولت دے گا۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں اور شیئرز رجسٹرار آفس میں جمع کروائیں:

میں/ہم (شیئر ہولڈر کا نام) ______، (شہر کا نام) ______ سے الائیڈ بینک کا ممبر ہونے کے تحت ______
آرڈینری شیئرز بمطابق فولیو/ سی ڈی سی/ انویسٹر اکاؤنٹ نمبر ______ (شہر کا نام واضح کریں) ______
میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں ممبر کے دستخط: ______

بینک اجلاس عام کی تاریخ سے کم ازکم پانچ دن قبل ممبران کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت جس مقام پہ میسر ہے اس سے مطلع کرے گا اور انہیں وہ تمام مکمل معلومات فراہم کرے گا جو انہیں اس سہولت تک رسائی کے قابل بنا سکیں۔

**پچھلے سالانہ اجلاس عام کے منٹس:**

الائیڈ بینک لمیٹڈ کے 70ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 28 مارچ 2016 کے منٹس کی کاپیاں بلامعاوضہ ممبران کی درخواست پر دستیاب ہیں۔